SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

August 7, 2019

***For immediate release***

## غیر منافع بخش کمپنیوں کے لائسنسوں کی تنسیخ

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے تیس جون **2019** کو ختم ہونے والی سہ ماہی کے دوران قانون کی تعمیل نہ کرنے والی کمپنیوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ، کمپنیز ایکٹ **2017** کی دفعہ **42** کے تحت لائسنس یافتہ تیرہ غیر منافع بخش کمپنیوں کے لائسنس منسوخ کر دئے ہیں۔ ان کمپنیوں کے لائسنسوں کی منسوخی قانونی تقاضوں کی عدم پیروی یعنی اکاونٹس اور سالانہ گوشواروں کی تفصیلات نہ فراہم کرنے کی وجہ سے کی گئی جبکہ ان میں سے کچھ کمپنیاں رجسٹریشن کے بعد سے اب تک غیر فعال تھیں۔

کمپنیوں کے لائسنس منسوخ ہونے پر یہ کمپنیاں خود کو رضاکارانہ طور پر بند کرنے کے لئے قانونی طریقہ کار اپنائیں گی اور کسی بھی قسم کے اثاثہ جات اور واجبات نہ ہونے کی صورت میں یہ کمپنیاں غیر منافع بخش اداروں کمپنیز ایکٹ **2017** کی دفعہ **43** کی شرائط کو مخیر (چیرٹ ایبل) ایسوسی ایشن اور غیر منافع بخش اداروں کے اوبجیکٹس ضوابط 2018 کے ساتھ ملا کر پڑھتے ہوئے، ان کمپنیوں کے رجسٹر سے اپنے نام کے خاتمے کے لئے درخواست دے دیں گی۔ منسوخ شدہ لائسنسوں کی تازہ ترین فہرست کمیشن کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے اور اسے درج ذیل لنک سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

https://www.secp.gov.pk/document/list-of-not-for-profit-association-companies-whose-license-has-been-revoked-by-the-securities-exchange-commission-of-pakistan-under-section-42-5-of-the-companies-act-2017-as-on-july-26-2019/?wpdmdl=35327